

# EFU BEHTAR KAL HEALTH SHIELD PLAN

Distributed by HabibMetro

It is the dream of every breadwinner to provide the best to his family and keep them protected from life and health unforeseen risks. But the unpredictability of life may hurdle in the way and may push the family into financial crisis and sometimes in debt and poverty.

To mitigate these risks, EFU's Behtar Kal health shield plans provides an umbrella of protection keeping the assured and the family protected in hard times by providing daily hospital cash benefit to the assured and to the family (spouse and children) in case of hospitalization due to sickness or accident and in case of ICU confinement, the daily hospitalization benefit is automatically doubled.

Moreover, accidental medical reimbursement benefit is also added in the same plan which provides actual reimbursement of medical expenses occurring due to accident up to a stated maximum annual limit. One of the key benefits of the plan is, there is no panel hospital confinement in any case, which provides greater access for the assured person to access the best health care facility whenever and wherever required.

Telehealth service has also gained a lot of attention these days where people are comfortable connecting with the doctor on phone and avoid hospitals. EFU Behtar kal Health Shield plan has built-in telehealth facility which provides access to health practitioners for all general medical related queries to the assured and to the family making health services accessible for all at any time.

ہر گھر کے سرپرست کا اپنے اہل خانہ کو بہتر سے بہتر زندگی کی سہولیات فراہم کرنا اور ان کو زندگی اور صحت کے ناگہانی خطرات سے محفوظ رکھنا ایک خواب ہوتا ہے۔ لیکن زندگی میں پیش آنے والے ان دیکھے واقعات خطرہ بن سکتے ہیں اور اہل خانہ کو مالی بحران میں مبتلا کر سکتے ہیں اور بعض اوقات قرض اور غربت میں بھی دھکیل سکتے ہیں۔

ان خطرات کو کم کرنے کے لئے، ای ایف یو کا بہتر کل ہیلتھ شیلڈ پلان بیمہ دار اور اس کے اہل خانہ (شریک حیات اور بچوں) کو مشکل اوقات میں یومیہ ہسپتال نقد فائدہ فراہم کرکے، بیماری یا حادثے کی وجہ سے ہسپتال میں داخلے کی صورت میں میں تحفظ کا سائبان فراہم کرتا ہے، اور آئی سی یو میں داخلے کی صورت میں، یومیہ ہسپتال فائدہ خودکار طور پر دگنا ہو جاتا ہے۔

علاوہ ازیں، اسی پلان میں حادثاتی طبی بازادائیگی فائدہ بھی شامل کیا گیا ہے جو ایک زیادہ سے زیادہ سالانہ حد تک حادثے کے باعث اٹھنے والے طبی اخراجات کی اصل بازادائیگی فراہم کرتا ہے۔ پلان کے خصوصی فوائد میں سے ایک یہ ہے کہ کسی بھی صورت میں کوئی پینل ہسپتال میں داخلے کی پابندی نہیں ہے، جو بیمہ دار کو صحت کی بہتر دیکھ بھال کی سہولت تک زیادہ رسائی، جب بھی اور جہاں کہیں درکار ہو، فراہم کرتا ہے۔

ان دنوں ٹیلی ہیلتھ سروس نے بھی کافی توجہ حاصل کی ہے جس میں لوگ فون پر ڈاکٹر سے رابطہ کرنے میں اور ہسپتالوں سے گریز کرنے میں آرام دہ محسوس کرتے ہیں۔ ای ایف یو بہتر کل ہیلتھ شیلڈ پلان میں ایک خودکار ٹیلی ہیلتھ سہولت موجود ہے جو کسی بھی وقت سب کے لئے صحت کی خدمات کو قابل رسائی بناتے ہوئے، طب سے متعلق تمام عام سوالات

کے لئے، ڈاکٹر تک رسائی فراہم کرتا ہے۔

## What are the benefits of the plan?

Following category of the plan are available:

| EFU Individual Health Shield Plan | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Category | Daily Hospital Cash Benefit | Daily ICU Confinement Benefit | Accidental Medical Reimbursement Benefit | Annual Premium |
| Bronze | 2,500 | 5,000 | 30,000 | 2,000 |
| Silver | 5,000 | 10,000 | 30,000 | 3,500 |
| Gold | 7,500 | 14,000 | 30,000 | 4,800 |
| Platinum | 10,000 | 20,000 | 30,000 | 6,000 |

| EFU Family Health Shield Plan | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Category | Daily Hospital Cash Benefit | Daily ICU Confinement Benefit | Accidental Medical Reimbursement Benefit | Annual Premium |
| Bronze | 2,500 | 5,000 | 30,000 | 6,000 |
| Silver | 5,000 | 10,000 | 30,000 | 10,000 |
| Gold | 7,500 | 14,000 | 30,000 | 15,000 |
| Platinum | 10,000 | 20,000 | 30,000 | 20,000 |

All amounts are in PKR

## پلان کے فوائد کیا ہیں؟

پلان کے درج ذیل فوائد دستیاب ہیں:

| ای ایف یو انفرادی ہیلتھ شیلڈ پلان | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کیٹگری | یومیہ ہسپتال نقد فائدہ | یومیہ آئی سی یو قیام فائدہ | حادثاتی طبی بازادائیگی فائدہ | سالانہ پریمیئم |
| برونز | 2,500 | 5,000 | 30,000 | 2,000 |
| سلور | 5,000 | 10,000 | 30,000 | 3,500 |
| گولڈ | 7,500 | 14,000 | 30,000 | 4,800 |
| پلاٹینم | 10,000 | 20,000 | 30,000 | 6,000 |

| ای ایف یو فیملی ہیلتھ شیلڈ پلان | | | | |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سالانہ پریمیئم | حادثاتی طبی بازادائیگی فائدہ | یومیہ آئی سی یو قیام فائدہ | یومیہ ہسپتال نقد فائدہ | کیٹگری |
| 6,000 | 30,000 | 5,000 | 2,500 | برونز |
| 10,000 | 30,000 | 10,000 | 5,000 | سلور |
| 15,000 | 30,000 | 14,000 | 7,500 | گولڈ |
| 20,000 | 30,000 | 20,000 | 10,000 | پلاٹینم |

تمام رقوم پاکستانی روپے میں ہیں

## At what age can I get myself or my family enrolled in the plan?

The below criteria is mentioned for your knowledge to get yourself or your family enrolled for the plan:

- Enrollment age:
  - For adults: 18 to 64 years
  - For children (unmarried): 6 months to 21 years
- Coverage age:
  - For adults: 18 to 65 years
  - For children (unmarried): 6 months to 22 years

## کس عمر میں میں اپنا یا اپنے اہل خانہ کا پلان میں اندرج کرواسکتا ہوں؟

اپنا یا اپنے اہل خانہ کا پلان میں اندراج کرانے کیلئے آپ کے علم کے لئے درج ذیل معیار بیان کیا جاتا ہے:

- اندراج کی عمر
  - بالغان کے لئے: 18 سے 64 سال
  - بچوں کے لئے (غیر شادی شدہ): 6 مہینے سے 21 سال
- تحفظ کی عمر
  - بالغان کے لئے: 18 سے 65 سال
  - بچوں کے لئے (غیر شادی شدہ): 6 مہینے سے 22 سال

## What are the events covered under this plan?

This plan provides coverage for hospitalization and treatment for accidental injuries.

## کون سے واقعات کو اس پلان کے تحت تحفظ حاصل ہے؟

یہ پلان ہسپتال میں داخلے اور حادثاتی علاج کے لئے تحفظ فراہم کرتا ہے۔

## Till when will this plan keep them protected?

These are annual plan(s) which provides the full coverage to you and to your family for the period/term of one year.

## یہ پلان انہیں کب تک تحفظ فراہم کرے گا؟

یہ سالانہ پلان ہے جو آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو ایک سال کے عرصے/ مدت کے لئے مکمل تحفظ فراہم کرتا ہے۔

## What is not covered by this plan?

Following are the exclusions for behtar kal health shield plan:

a. Pre-existing condition which includes disease and incapacity or bodily injury which existed prior to this coverage;
b. Attempt to suicide, self-inflicted injury and illegal act of the covered member;
c. Failure to seek or follow medical advice, taking of alcohol or drugs;
d. Treatment related to dental, pregnancy, miscarriage, childbirth or any-malignant disease occurring in or in connection with the female reproductive organs;
e. War, invasion, act of foreign enemy, hostilities (whether war be declared or not), armed or unarmed truce, civil war, mutiny, rebellion, revolution, insurrection by military or usurped power, riot or civil commotion, an illegal organization or an industrial dispute.

## کس چیز کو تحفظ حاصل نہیں ہے؟

دونوں مدتوں کے لئے آمدنی کے تسلسل کے لئے درج ذیل استثنیات ہیں:

الف) پہلے سے موجود بیماری اور معذوری یا جسمانی ضرب جو اس تحفظ سے قبل موجود ہو
ب) اقدام خودکشی، از خود کوئی ضرب/ چوٹ لگانا اور بیمہ دار کا کوئی مجرمانہ فعل
ج) طبی مشورہ حاصل کرنے میں ناکامی یا اس پر عمل نہ کرنا، الکحل یا منشیات کا استعمال
د) دانتوں، زچگی، اسقاطِ حمل، بچے کی پیدائش یا خاتون کے تولیدی غدود میں یا ان سے متعلق پیدا ہونے والی کوئی مہلک شدید بیماری

ہ) جنگ، حملہ، بیرونی دشمن کی کاروائی، لڑائیاں (خواہ جنگ کا اعلان ہوا ہو یا نہیں)، فوجی یا غیر فوجی جنگ بندی، خانہ جنگی، بغاوت، مزاحمت، انقلاب، فوجی یا غاصب قوّت کی طرف سے سرکشی، جھگڑے یا عوامی سورش، کوئی غیر قانونی تنظیمی یا صنعتی جھگڑا

## Are there any other important details I need to be aware of?

Sure, you must be aware of the following things which include:

a) Elimination Period:
   i. Due to Sickness: 15 days
   ii. Due to Accident: No waiting period
b) Free Look Period: 30 days
c) Confinement Limit per year: 180 days
d) Hospitalization for 24 hours

## کیا کوئی ضروری تفصیلات/ضروریات ہیں جن کا جاننا میرے لئے ضروری ہو؟

یقیناً، آپ کو درج ذیل باتوں کا علم ہونا چاہیے جن میں شامل ہیں:

الف) اخراج کا دورانیہ

1۔ بیماری کی وجہ سے: 15 دن

2۔ حادثے کی وجہ سے: انتظار کا کوئی دورنیہ نہیں

ب) غور و فکر کا دورانیہ: 30 دن

ج) ہسپتال میں قیام کی حد فی سال: 180 دن

د) 24 گھنٹے کے لئے ہسپتال میں داخلہ

## What does elimination period mean?

Elimination period also called waiting period, is the amount of time after which the coverage of the policy will commence. This is done to discourage anti-selection claims and to promote ethical values within the community, we have embedded 15 days waiting period for hospital cash which means, your cover will start after the 15 days of your policy purchase. However, there is no elimination period in case of accidental claim.

## اخراج کے دورانیہ کے کیا معنی ہیں؟

اخراج کے دورانیہ جسے انتظار کا دورانیہ بھی کہا جاتا ہے وہ وقت ہے جس کے بعد پالیسی کے تحفظ کا آغاز ہوگا۔ یہ غیر منتخب کلیموں کی حوصلہ شکنی اور کمیونٹی کے اندر اخلاقی اقدار کو فروغ دینے کے لئے کیا جاتا ہے۔ ہم نے ہسپتال نقد فائدے کے

لئے 15 دن کے انتظار کا دورانیہ مقرر کیا ہے جس کے معنی ہیں کہ آپ کا تحفظ آپ کی پالیسی کی خرید کے 15 دن بعد شروع ہوگا۔ البتہ، کسی حادثاتی کلیم کی صورت میں انتظار کا دورانیہ نہیں ہے۔

## What if I don't feel satisfied with the plan?

If you feel unsatisfied with the plan, there is a thirty (30) days free look period for the plan in which you can cancel the plan and get your premium paid back. But remember, insurer or bank will not entertain any refund request(s) after the free look period, however plan can be cancelled at any time.

## اگر میں پلان سے مطمئن نہ ہوں تو؟

اگر آپ پلان سے غیر مطمئن ہوں تو اس پلان میں 30 دن کا غور وفکر کا دورانیہ موجود ہے جس میں آپ پلان منسوخ کر سکتے ہیں اور اپنا ادا شدہ پریمیئم واپس لے سکتے ہیں۔ بیمہ کار یا بینک غور وفکر کے دورانیے کے بعد باز ادائیگی کی کسی بھی درخواست (درخواستوں) پر عمل درآمد نہیں کرے گا البتہ پلان کسی بھی وقت منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

## How to Claim?

The assured or beneficiary can call EFU Life directly at 111-EFU-111 (111-338-111), email at **claims@efulife.com** or may also contact HMB helpline 021-111-142-242 to lodge and initiate the claim(s). EFU Life representative will then guide the beneficiary on claim document requirements and next steps to process the claim.

## کلیم کیسے کیا جائے؟

بیمہ دار یا بینیفشری کلیم داخل کرنے کے لئے اور کلیم کی ابتدا کرنے کے لئے، براہ راست ای ایف یو لائف سے 111-EFU-111 (111-338-111) پر رابطہ کر سکتا ہے، claims@efulife.com پر ای میل کر سکتا ہے یا حبیب میٹروپولیٹن بینک کی ہیلپ لائن 021-111-142-242 پر بھی رابطہ کر سکتا ہے۔ ای ایف یو لائف کا نمائندہ بینیفشری کو کلیم کی دستاویزات کی ضروریات اور کلیم پر عمل درآمد کیلئے آئندہ اقدامات کے بارے میں رہنمائی کرے گا۔

## Who is the underwriter of this product?

The underwriter of this insurance policy is EFU Life Assurance. HMB is only acting as a corporate insurance agent on behalf of EFU Life for this plan.

## اس پروڈکٹ کا انڈر رائٹر کون ہے؟

اس بیمہ پالیسی کی انڈر رائیٹر ای ایف یو لائف اشورنس ہے۔ حبیب میٹروپولیٹن بینک اس پلان کے لئے ای ایف یو لائف کی جانب سے صرف کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ کے طور پر کام کر رہا ہے۔

## Disclaimer:

EFU Behtar Kal Health Shield Plan is a pre-underwritten product, issued and subject to the terms and conditions set by EFU Life, having its principal office at Plot 112, 8th East Street, DHA Phase I, Karachi, Pakistan – 75500, EFU Behtar Kal Health Shield Plan is only the name of the product and does not, in any way, indicate the quality of the product. Bank is acting as corporate insurance agent for the plans on behalf of EFU Life. Bank will not be responsible in any manner if your application or claim is rejected by EFU Life nor will investigate or provide any opinion on merits of the claim.

## انتباہ:

ای ایف یو بہتر کل ہیلتھ شیلڈ پلان ای ایف یو لائف کی طرف سے بیمہ شدہ ہے اور اس کی طے کردہ شرائط وضوابط سے مشروط ہے جس کا مرکزی دفتر پلاٹ 112، 8 ویں ایسٹ اسٹریٹ، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی فیز 1، کراچی، پاکستان 75500 پر واقع ہے۔ ای ایف یو بہتر کل ہیلتھ شیلڈ پلان صرف پروڈکٹ کا نام ہے اور کسی بھی طور پر وڈکٹ کے معیار کی نشاندہی نہیں کرتا۔ بینک اس پلان کے لئے ای ایف یو لائف کی طرف سے صرف کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ کے طور پر کام کر رہا ہے اور کسی بھی طور پر ذمہ دار نہیں ہوگا اگر آپ کی درخواست یا کلیم ای ایف یو لائف کی طرف سے رد کیا جاتا ہے اور نہ ہی اس کی تفتیش کرے گا اور نہ ہی کلیم کی اہلیت کے بارے میں کوئی رائے دے گا۔